# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**

**Dated : 07-09-2026**

**Time : 07:40 / PM**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں شبیر الزمان۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

---

ہیڈلائنز

۱ ۔۔۔۔۔ سرینگر میں رنگِ سینما کے نام سے اپنی نوعیت کا پہلا بین الاقوامی فلم فیسٹول شروع // **SKICC** میں فلم سازوں اور شائقین کی زبردست گہماگہمی۔

۲ ۔۔۔۔۔ سرینگر میں فلم فیسٹول کے انعقاد پر وزیر اعلیٰ کا اظہار اطمینان // فیسٹول کو یہاں کے سیاحتی اور اقتصادی منظرنامے کیلئے دیا ایک نیک شگون قرار۔

۳ ۔۔۔۔۔ ملک بھر میں **2027** تک ترجیحات میں رکھے گئے **300** کرشی وگیان کیندروں کے بنیادی ڈھانچے کو دیا جائے گا بڑھاوا۔

اور

۴ ۔۔۔۔۔ نائب صدر جمہوریہ کا اعلیٰ تعلیم کو مزید مؤثر اور اختراعیت پر مبنی بنانے پر زور۔

## IFFJK

جموں وکشمیر میں اپنی نوعیت کے پہلے انٹرنیشنل فلم فیسٹول کا آج سے باضابطہ طور آغاز ہوگیا۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے روائتی چراغ روشن کرکے اس فلم فیسٹول کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، جوری کے ارکارن ،وِدھو ونود چوپڑا اور انتظامیہ نیز فلم جگت سے جڑی کئی معروف شخصیات موجود تھیں۔10 ستمبر تک جاری رہنے والے انٹرنیشنل فلم فیسٹول آف جموں وکشمیر کے دوران سرینگر ،جموں اور گلمرگ میں 41 ممالک کی 135 فلموں کی سکریننگ کی جارہی ہیں۔مانا جارہا ہے کہ فیسٹول کی بدولت یہاں کے سیاحتی اور اقتصادی منظرنامے پر مثبت اثرات مرتب ہونگے۔اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ فلم فیسٹول کا انعقاد جموں وکشمیر میں ہونا اپنے آپ میں ایک بڑی بات ہے جس کی بدولت بالی ووڈ سے جڑے فلم ساز پھرایک بار یوٹی میں شوٹنگ کی طرف متوجہ ہونگے۔انہوں نے کہا کہ اس فلم فیسٹول کی بدولت ہمارے یہاں سیاحت کو بھی ایک نئی جہت ملے گی جبکہ ہمارے مالا مال تمدنی اور ثقافتی ورثے کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔

## SKICC

SKICC سرینگر میں فلم فیسٹول کا افتتاح ہونے کے ساتھ ہی اس وقت زبردست گہماگہمی دیکھی جارہی ہے۔وہاں اس وقت فلم سازوں فلم سازوں ،انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں اور فلم شائقین کی ایک بڑی تعداد موجود ہے۔اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے جاپان کی ایک دستاویزی فلم ساز اور پروڈیوسر Keiko Bang نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیسٹول اس خطے کے نوجوان فلم سازوں کو اپنی کہانیاں دنیا کو سنانے کا موقعہ فراہم کرتا ہے۔

----Keiko Bang------

اس دوران بالی ووڈ کی معروف اداکارہ فاطمہ ثنا شیخ نے اس فیسٹول کا حصہ ہونے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیسٹول مقامی فلم سازوں کی صلاحیتوں کو جلا بخشتے ہوئے خطے کی فلمی معیشت کو بھی مضبوط کرے گا۔

------Fatima Sana-------

## چیف سیکرٹری

ہمارے نمائندے اشفاق شاہ نے خبر دی ہے کہ چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے مہمانوں کا استقبال کیا۔انہوں نے **Signature Film The Timeless Observer** کو سکرین کرانے کی رسم انجام دی۔اس سے قبل انہوں نے آج دن میں **Inox Multiplex** سرینگر میں انٹرنیشنل فلم فیسٹول آف جموں وکشمیر کی رسمی طور شروعات کر کے وہاں فلم سازوں،مندوبین اور سینما کے شائقین کا والہانہ استقبال کیا۔انہوں نے کہا کہ سینما کے ساتھ جموں وکشمیر کی گہری وابستگی ہے اور اس رشتے کو مزید مستحکم کرنے میں **IFFJK** مددگار ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اس فیسٹول کی بدولت جموں وکشمیر کے نوجوانوں اور ابھرتے ہوئے فلم سازوں کو بھی آگے بڑھنے کے مواقعے دستیاب ہوں گے۔

## CM ملاقات

**UNICEF** انڈیا کے ایک وفد نے آج سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی۔اس دوران انہوں نے بچوں کی ترقی،انہیں تحفظ دینے کے اقدامات،جووینائل جسٹس کے نظام کو مستحکم کرنے کے علاوہ جموں وکشمیر میں پچھڑے طبقوں کے بچوں کی بہبودی کے پروگراموں پر سیر حاصل تبالہ خیال کیا۔دریں اثناء ایسوسی ایشن آف ڈومیسٹک ٹور آپریٹرز آف انڈیا،بزنس نیٹ ورک انٹرنیشنل جموں وکشمیر اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی سرینگر سے وابستہ TEDx وفود نے بھی وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی۔اس موقعے پر ADTOI کے وفد نے وزیر اعلیٰ کو سیاحت کے شعبے سے متعلق اپنی سرگرمیوں اور 25 سے 28 ستمبر تک منعقد ہونے والے مجوزہ آل انڈیا ''Train To Valley'' فیم ٹور کے بارے میں جانکاری دی۔TEDx-NIT سرینگر کے وفد نے بھی وزیر اعلیٰ کو اس ماہ سرینگر میں منعقد ہونے والے آئندہ TEDx پروگرام کے بارے میں آگاہ کیا۔

## NC

شیر کشمیر مرحوم شیخ محمد عبداللہ کو ان کے **44**ویں یوم وصال پر خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے نیشنل کانفرنس کے لیڈروں نے مرحوم کے دور قیادت کو فکر مندانہ اور حکیمانہ قرار دیا ہے۔یک مشترکہ بیان میں پارٹی لیڈروں نے کہا کہ مرحوم لیڈر نے ہمیشہ جموں وکشمیر کے لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے کام کر کے ظلم

کے خلاف آواز بلند کی ہے ۔نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے سرینگر میں ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کے ساتھ ملاقات کے دوران جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ اور دیگر معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ دریں اثناء پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے حضرت سید جانباز ولی رفاعی رحمتہ اللہ علیہ کے عرس کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے ۔

## BJP

پردیش بی جے پی صدر اور راجیہ سبھا کے ممبر ست شرما نے کہا ہے کہ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کا جنم دن منانے کی تقریبات کیلئے مہادیو ٹرسٹ سے مٹی کے **11** ہزار دیئے موصول ہوئے ہیں ۔ بی جے پی کی طرف سے آج دراس میں پارٹی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکرٹری اشوک کول کی صدارت میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔اس موقعے پر کئی افراد نے پارٹی میں شمولیت اختیار کی ۔اُدھر بی جے پی کے ڈوڈہ یونٹ کی جانب سے ایک سیوا سنکلپ ورکشاپ منعقد ہوا ۔اس موقعے پر پارٹی کے سٹیٹ سیکرٹری پون شرما نے کہا کہ **17** ستمبر سے **17** اکتوبر تک منائے جانے والے سیوا سنکلپ ابھیان کو جموں وکشمیر بھر میں ایک بڑی عوامی خدمت کی مہم کی شکل دی جائے گی ۔

## چوہان

زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے نئی دلی میں ایک میٹنگ کے دوران پورے ملک کے کرشی وگیان کیندروں کو مستحکم کرنے سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر بتایا گیا کہ مارچ **2027** تک ترجیحات میں رکھے گئے **300** کرشی وگیان کیندروں کے بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دیا جائے گا۔وزیر موصوف نے اس کام کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کیلئے ریاستی حکومتوں کا تعاون طلب کیا۔میٹنگ کے دوران پردھان منتری دھن دھنیا کرشی یوجنا کو تقویت بخشنے میں کرشی وگیان کیندروں کے رول کو اجاگر کیا گیا۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلیکیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

ادبی تقریب

آکاشوانی سرینگر کے آڈیٹوریم میں آج مدعو سامعین کے روبرو ایک ادبی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس دوران صوفی شاعر پیر محمد افضل وانی کے ساتھ ملاقات کے تحت ان کے ادبی سفر کے بارے میں گفتگو ہوئی۔اس موقعے پر وادی کے کئی معروف فنکاروں نے ان کا کلام پیش کیا۔تقریب پر سابق وزیر غلام حسن میر مہمان ذی وقار جبکہ آکاشوانی سرینگر کے پروگرام سربراہ غلام رسول آخون مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود رہے۔نظامت کے فرائض معراج الدین احمد نے انجام دیئے۔تقریب پر آکاشوانی سرینگر کے انجینئر قاضی مسعود اور دیگر شخصیات کی عزت افزائی کی گئی۔

**IUST**

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا شعبہ نقشہ سازی کل سے اپنے سالانہ نقشہ سازی میلے ''نائیرنگ تعمیر'' کے دوسرے شمارے کی میزبانی کرے گا۔اس تین روزہ فیسٹول کا مقصد اکیڈمیاں، پیشہ ورانہ عمل اور سماج کے مابین ربط کو بڑھاتے ہوئے کشمیر وادی کی پختہ تمدنی وراثت کی مطابقت کے امکانات تلاش کرنا ہے۔

کٹھانہ

سینئر بی جے پی لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر انجینئر غلام علی کٹھانہ نے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی، روزگار، دفاع، ہیلتھ کیئر اور دیگر شعبوں میں بھارت کی ترقی سے وزیر اعظم نریندر مودی کی دانشمندانہ قیادت اور وکست بھارت نظریے کی عکاسی ہوتی ہے۔ایک پریس بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ بھارت اب مختلف شعبوں میں دارومداری سے آگے بڑھ کر خود انحصاری کی طرف گامزن ہے۔

سی پی رادھا کرشنن

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ سماج کو منشیات سے پاک کرنے میں اپنا بھر پور رول ادا کرتے ہوئے اس بدعت کے خلاف متحد ہو جائیں۔گوہاٹی میں ،،گوہاٹی یونیورسٹی کے ایک پروگرام میں طلباء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک تعلیمی ادارے کی کامیابی محض اس کی رینکنگ سے نہیں تولی جاتی بلکہ یہ دیکھنا لازمی ہے کہ یہ ادارہ سماج میں مثبت بدلاؤ لانے کیلئے کیا کر رہا ہے۔انہوں نے تعلیم، ادب، سائنس اور دیگر شعبوں میں قابل افرادی قوت تیار کرنے کیلئے یونیورسٹی کی تعریف کی۔نائب صدر جمہوریہ نے اعلیٰ تعلیم کو مزید مؤثر اور اختراعیت پر مبنی بنانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ سماج کے بدلتے تقاضوں کو پورا کیا جا سکے۔

راجناتھ سنگھ

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی صدارت میں آج نئی دلی میں **Defence Acquisition** کونسل کی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں ڈیفنس فورسز کیلئے ایک لاکھ **10** ہزار کروڑ روپے کے منصوبوں کو منظوری دی گئی۔منصوبوں کی رو سے دفاعی فورسز کیلئے جدید ساز و سامان اور گاڑیاں خریدی جائیں گی۔وزارت دفاع نے کہا ہے کہ خریدے جانے والے ساز و سامان میں سے **98** فیصد سامان بھارتی صنعتوں سے خریدا جائے گا۔

جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ آج کل کے دور میں جہاں پوری دنیا غیر یقینی صورتحال کی وجہ سے پریشان ہے، وہیں بھارت اور لکشم برگ کے درمیان اعتماد پر مبنی رشتے ہیں۔نئی دلی میں آج لکشم برگ کے نائب وزیر اعظم اور خارجی امور کے وزیر **Xavier Bettel** کے ساتھ ملاقات کے دوران ڈاکٹر جے شنکر نے ان باتوں کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان رشتے ہر گزرتے دن کے ساتھ مضبوط ہوتے جا رہے ہیں۔واضح رہے کہ لکشم برگ کے نائب وزیر اعظم آج صبح بھارت کے تین روزہ دورے پر نئی دلی پہنچ گئے۔

**PM**

وزیر اعظم نریندر مودی کل گجرات اور مہاراشٹرا کا دورہ کریں گے۔ نریندر مودی ودوڈرا میں **35** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے، انہیں وقف کریں گے اور ان کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وہ **326** کلو میٹر کا احاطہ کرنے والے اور **20** ہزار **700** کروڑ روپے سے زیادہ مالیت سے تیار مغربی مال بردار کوریڈور کے تین حصوں کو بھی وقف کریں گے۔ مہاراشٹر ممبئی میں وزیر اعظم گلوبل فن ٹیک فیسٹ **2026** کا افتتاح کریں گے۔

صدر

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون نئی دلی میں **Durand Cup** ٹورنامنٹ **2026** جیتنے والی ٹیم ایسٹ بنگال فٹبال کلب کو پریزیڈنٹس کپ سے نوازا۔ اس موقعے پر چیف آف ڈیفنس سٹاف جنرل این ایس راجا سبرامنی، **Durand** فٹبال ٹورنامنٹ سوسائٹی کے صدر، چیف آف آرمی سٹاف جنرل دھیرج سیٹھ، چیف آف ایئر سٹاف ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ، چیف آف نیول سٹاف ایڈمیرل کرشنا سوامی ناتھن کے علاوہ کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

پوشن ماہ

ملک میں **9** واں راشٹریہ پوشن ماہ **9** ستمبر کو وارانسی سے شروع کیا جائے گا۔ وزارت خواتین واطفال نے کہا ہے کہ وکست بھارت **2047** کی بنیاد رکھنے کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی کے نظریے کے مطابق پوشن ابھیان **2018** میں شروع کیا گیا تھا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں وکشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **31** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **14** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **33** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23.2** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **9** منٹ اور غروب آفتاب شام **6** بجکر **47** منٹ پر ہوگا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ اجازت دیجئے۔ خدا حافظ۔